# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-740

موضوع: **حاملہ اور والدین طلبا اور تولیدی صحت کی رازداری**
زمرہ: **طلبا**
جاری کردہ: 30 جنوری، 2020

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-740، مورخہ 13 نومبر، 2008 کی جگہ لیتا ہے۔

**تبدیلیاں:**

- طلبا کے حاملہ ہونے کی بنیاد پر امتیازیت، ہراس، دھمکانے اور / یا غنڈہ گردی سے مبرا ہونے کے حقوق اور اس طرح کے طرز عمل کی اطلاع دینے کے لیے طریق کار کی وضاحت کی گئی ہے۔ جز (II .D)
- اس ضابطے کے بارے میں معلومات فراہم کے لیے پرنسپل کی ذمہ داری کی وضاحت کرتا ہے۔ ( جز III.A.I اور جز III.A.3)
- حاملہ اور والدین طلبا کو مفوضہ کام، کلاس کا کام اور اضافی معاونت فراہم کرنے کی متعلقہ دفعات کی وضاحت کی جا چکی ہے۔ (جز III.A .2)
- طلبا، والدین اور سرپرستوں کے لیے شیر خوار بچوں کو دودھ پلانے کی جگہوں تک رسائی کے متعلق محکمئہ تعلیم کی پالیسیوں کی وضاحت کی جا چکی ہے۔ جز (III.A .5)
- حاملہ یا والدین طلبا کے لیے ممکنہ طور پر گھر پر تعلیم حاصل کرنے کی اہلیت کی متعلقہ دفعات کی وضاحت کی جا چکی ہے۔ جز (III.C .1)
- Living for the Young Family کے ذریعے تعلیمی پروگرام اور ایسے پروگراموں کے متعلق معلومات فراہم کرنے کے لیے اسکول کی ذمہ داری کی وضاحت کی جا چکی ہے۔ ( جز III.C.2 اور جز IV.D)
- طبی اور معاونتی خدمات کی متلاشی حاملہ اور والدین طلبا کے لیے معاونت فراہم کرنے کے لیے اسکول کے عملے کی قابلیت کی وضاحت کی جا چکی ہے۔ جز (V.F)
- استفسارات کے لیے رابطہ معلومات کی تجدید کی گئی ہے۔ (جز VI)

## خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطہ **A-740**، مورخہ 13 نومبر، 2008 کو منسوخ کرتا ہے اور اسکی جگہ لیتا ہے۔

اسکول میں شرکت کرنے کی لازمی عمر کی حاملہ طالبات سے اسکول میں شرکت کرنا لازمی ہے ماسوائے طبی وجوہات جو اس کے برعکس نشاندہی کریں۔ اس ضابطے کا مقصد ان پالسیوں کا نفاذ کرنے میں اسکول کے عملے کے کردار کی وضاحت کرنا ہے۔ اس میں وہ طریق کار شامل ہیں جن کے لیے اسکول کے عملہ طالبہ کی زچگی کے دوران اور زچگی کے بعد ذمہ دار ہے۔

## I. عمومی جائزہ

محکمئہ تعلیم حاملہ اور والدین طلبا کے لیے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ذمہ دار ہے کہ ان کے لیے ایسے پروگرام فراہم کیے جائیں جو ان کی اسکول میں رہنے اور مکمل طور پر شرکت کرنے میں مدد کریں گے، جو کہ قابل اطلاق قوانین اور محکمئہ تعلیم کی پالیسی سے مربوط ہوں۔

## II. حاملہ اور والدین طلبا کے حقوق

A. اسکول میں شرکت کرنے کی لازمی عمر کi حاملہ اور والدین طلبا سے اسکول میں شرکت کرنا مطلوب ہے۔ ان طلبا کو زچگی کے دوران اور / یا ایک والدین طالب علم کے طور پر اپنی تعلیم جاری رکھنے اور اسکول میں مکمل طورپر مسلسل شرکت کرنے کے لیے پروگراموں اور خدمات موصول کرنے کا حق ہے۔

B. حاملہ اور والدین طلبا کو تعلیمی پروگراموں اور سرگرمیوں میں مکمل طور پر شرکت کرنے کا حق ہے بشمول کلاس یا ایسی غیر نصابی سرگرمیوں کے جن کے لیے یہ بصورتِ دیگر طبی اجازت کے کسی خاص سرٹیفیکٹ کے تقاضے کے بغیر شرکت کرنے کے لیے اہل ہیں۔

C. طبی وجوہات کی بنا پر اگر چھٹی دینے کا تعین کیا جاتا ہے تو چھٹی کے اختتام پر طالب علم سے موجودہ اسکول میں واپس آنا مطلوب ہے اور اسکو فوری طور پر بحالی کا حق ہے۔ اسکول کے لیے طالب علم کے معمول کے اسکول پروگرام میں طالب علم کو واپس آنے کے قابل بنانے کے لیے معقول تعلیمی اور رہنما معاونت کا اہتمام کرنا لازمی ہے۔

D. چانسلر کے ضوابط A-830 اور A-832 اور وفاقی، ریاستی اور مقامی قوانین کے مطابق طلبا کو ان کے حاملہ ہونے کی بنیاد پر امتیازیت، ہراس، دھمکانے اور / یا غنڈہ گردی سے مبرا ہونے کے حق ہے۔ جو طلبا یہ سمجھتے ہیں کہ یہ حاملہ ہونے کی بنیاد پر امتیازیت، ہراس، دھمکانے اور / یا غنڈہ گردی کا شکار ہوئے ہیں تو یہ پرنسپل یا پرنسپل کے تقرر کردہ یا اسکول کے دیگر عملے کے کسی بھی رکن کو اس کی اطلاع دے سکتے ہیں۔ ایسی شکایتوں سے چانسلر کے ضابطے A-830 اور / یا A-832 کے مطابق نمٹا جائے گا۔ جو طلبا یہ سمجھتے ہیں کہ یہ حاملہ ہونے کی بنیاد پر محکمئہ تعلیم کے عملے کے رکن کے ذریعے امتیازیت، ہراس، دھمکانے اور / یا غنڈہ گردی کا شکار ہوئے ہیں تو ان کو دفتر برائے یکساں مواقع اور تنوعیت کا انتظام (OEO) کے پاس آن لائن https://www.nycenet.edu/oeo پر دستیاب فارم کے ذریعے، (718)-935-2531 پر بذریعہ فون یا (718)-935-3320 پر بذریعہ فیکس یا 65 Court Street, Brooklyn, NY 11201. پر بذریعہ ڈاک دائر کرنی چاہیئے۔

## III. پرنسپل اور اسکول کے عملے کی ذمہ داری

A. پرنسپل کی ذمہ داری

1. اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ اسکول کا عملہ اس ضابطے کے تحت حاملہ اور والدین طلبا کے حقوق سے آگاہ ہیں، ہر مڈل اسکول اور ہائی اسکول کے پرنسپل یا تقرر کردہ کے لیے ہر تعلیمی سال کے آغاز میں عملے کے ساتھ اس ضابطے کا جائزہ لینا لازمی ہے۔
2. اسکول کو حاملہ اور والدین طلبا کو مفوضہ کام، کلاس کا کام اور اضافی معاونت فراہم کرنی چاہیئے تاکہ یہ یقینی بنائے جا سکے کہ حاملہ یا والدین ہونے کی متعلقہ وجوہات کی بنیاد پرغیر حاضر ہونے کی صورت میں کلاس کی مطلوبات کی تکمیل کر رہے ہوں۔
3. ایک بار جب اس بات کی آگہی ہو جائے کہ ایک طالبہ حاملہ ہے یا ان کا ایک بچہ ہے، جز V میں قائم کردہ رازداری کی مطلوبات سے ہم آہنگ، پرنسپل طالب علم کو اس ضابطے، زچگی سے متعلق طبی نگہداشت، بچوں کی نگہداشت اور / یا متعلقہ خدمات کے بارے میں معلومات تک رسائی فراہم کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں۔ پرنسپل ان معلومات کو فراہم کرنے کی ذمہ داری کے لیے ایک رہنما مشیر، صحت کی تعلیم کے استاد یا ایک معقول تربیت

یافتہ عملے کے رکن کو تقرر کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، پرنسپل یا تقرر کردہ عملے کے رکن طلبا کو ان کے تعلیمی حقوق اور ذمہ داریوں سے سے آگاہ کرنا چاہیئے اور حاملہ ہونے کے دورانیے کے دوران اور طالب علم بطور والدین کو مناسب تعلیم کو جاری رکھنے اور مکمل طور پر اسکول میں شرکت کرنے کے قابل بنانے کے لیے معقول تعلیمی اور رہنمائی کی معاونتی خدمات حاصل کرنے میں معاونت کرنی چاہیئے۔ عملے کے تقرر کردہ فرد کو پرنسپل کے زیر نگرانی کام کرنا چاہیئے اور یہ طلبا کے لیے خدمات کی فراہمی کی ہم آہنگی کو یقینی بنائیں گے۔

4. اگر ایک حاملہ طالبہ کے طبی حالات اس کے معمول کے اسکول پروگرام میں اس کی شرکت کو محدود کرتے ہیں تو یہ طالبہ یا طالبہ کے والدین کی ذمہ داری ہے کہ اسکول کو طالبہ کے طبی خدمات فراہم کنندہ کی جانب سے مناسب دستاویزات فراہم کریں۔ پرنسپل یا تقررکردہ کردہ طبی خدمات فراہم کنندہ کی ہدایت سے مربوط تعلیمی منصوبے کو فروغ دینے کے لیے طریق کار قائم کریں گے۔ اگر طالب علم کی صحت خاص خیال رکھنے کا تقاضا کرتی ہے تو اساتذہ کو متنبہ کیا جانا چاہیئے۔ جب ایسی معلومات فراہم کی جائیں تو اسکول کو قابل جواز سہولیات اسی طرح فراہم کرنی چاہیئے جس طرح کسی بھی طالب علم کی طبی حالت کے لیے فراہم کی جاتی ہیں۔

5. درخواست کرنے پر، اسکول کے پرنسپل یا تقرر کردہ کو طالب علم، والدین، سرپرست یا طالب علم کے ساتھ والدینی یا نگراں کے رشتے میں کسی بھی ایسے دیگر افراد کے لیے ضرورت کی بنیاد پر شیرخوار بچے کو دودھ پلانے کی جگہ فراہم کرنے کی قابل جواز کوشش کرنی چاہیئے جن کو اسکول میں چھاتی سے دودھ پلانے کی ضرورت ہے، جب تک کہ تعلیمی خدمات میں خلل ڈالے بغیر جگہ فراہم کی جائے۔ دودھ پلانے کی جگہ کو صاف ستھرا ہونا چاہیئے، یہ بیت الخلا میں نہ ہو، اس کو پردے میں ہونا چاہیئے اور اس جگہ میں مداخلت نہ ہو اور اس میں بجلی کا سوئچ (آؤٹ لیٹ)، ایک ایسی ہموار سطح ہونی چاہیئے جس پر ایک پمپ اور ذاتی اشیا کو رکھا جا سکے، اور اس میں کرسی ہو۔ اس کے قریب پانی دستیاب ہونا چاہیئے، اور اس میں چھاتی کے دودھ کا ذخیرہ کرنے کے لیے ریفریجریٹر یا دیگر متبادل انتخابات دستیاب ہونے چاہیئے۔ جن طالبات کو چھاتی کا دودھ پلانے کی ضرورت ہے ان کو اس مقصد کے لیے کلاس سے معافی دے دینی چاہیئے اور ان کو مفوضہ کام، کلاس کا کام، اور اس ضابطے کے جز III.A.2 کے مطابق اضافی معاونت فراہم کی جانی چاہیئے۔

### B. حاضری لینے کے طریقہ کار

اگر ایک طبی صورت حال ایک غیر حاضری کا سبب بنتی ہے تو حاضری کے معمول کے طریق کار کی پابندی کی جانی چاہیئے۔ طبی غیر حاضریوں کے لیے حاضری کے معیارات اور طریق کار اور دستاویزات کے متعلق معلومات کے لیے برائے مہربانی چانسلر کے ضابطے A-210 ملاحظہ کریں۔

### C. گھر پر تعلیم

1. ایک حاملہ یا والدین طالب علم کے لیے ان کا موجودہ اسکول طالب علم کی تعلیمی بہبود کے لیے ذمہ دار ہے۔ کچھ طلبا گھر پر تعلیم حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں، مثال کے طور پر ایک طالب علم یا طالب علم کے بچے کی اہل جواز طبی حالت کی وجہ سے۔ چانسلر کے ضابطے A-170 کے تحت ایک طالب علم گھر پر تعلیم حاصل کرنے کی درخواست کر سکتا ہے۔

2. جب طالب علم کے موجودہ اسکول کو طالبِ علم کی واپسی کی مستعدی سے مطلع کیا جاتا ہے تو اسکول کے عملے کے لیے طالب علم کی فوری واپسی کو سہل بنانا لازمی ہے۔ اسکول کے لیے طالب علم کو فوراً قبول کرنا لازمی ہے۔ کسی بھی صورت میں اسکول طبی طور پر صحت مند طالب علم کی واپسی کو قبول کرنے کو رد نہیں کر سکتا ہے۔ ایک ہموار منتقلی کو یقینی بنانے کے لیے اسکول کو طالب علم، طالب علم کے والدین اور اسکول کے مناسب عملے کے ساتھ اسکول میں دستیاب رہنمائی، تعلیم، اور معاونتی خدمات پر بات چیت کرنے اور طالب علم کی واپسی پر ایک منصوبے کو فروغ دینے کے لیے اجلاس کا انعقاد کرنا چاہیئے۔ ایک والدین طالب علم کی واپسی پر، اسکول کے لیے طالب علم کو لرننگ فار دی ینگ فیملی تھرو ایجوکیشن (LYFE) پروگرام کے متعلق معلومات فراہم کرنی چاہیئے۔

## IV. حاملہ اور والدین طلبا کے لیے انتخابات

A. حاملہ طلبا اور والدین طلبا کو اپنے موجودہ اسکول میں رہنے کا حق ہے۔ اگر ایک طالب علم ایک دیگر اسکول میں منتقل ہونے کی خواہش رکھتا ہے، تو یہ پرنسپل یا تقرر کردہ کی ذمہ داری ہے کہ طالب علم اور طالب علم کے والدین کی کامیابی سے سندیافتگی کی مطلوبات کی تکمیل کرنے کے لیئے محکمئہ تعلیم کے تعلیمی انتخابات کی تحقیق کرنے میں مدد کریں۔

B. ایک ایسی حاملہ طالبہ جو اپنے موجودہ اسکول میں نہیں رہنا چاہتی ہے تو یہ طالب علم کے زون اسکول میں منتقل ہو سکتی ہیں، یہ نشستوں کی دستیابی کے موقوف پر ہے۔ پرنسپل، مناسب عملہ، اور طالب علم اور / یا طالب علم

کے والدین / سرپرست، طالب علم کے لیے مناسب تقرری کی نشان دہی کرنے کے لیے دفتر برائے طالبانہ اندراج (OSE) کے ساتھ کام کریں گے۔

C. ایک ایسی حاملہ طالبہ یا وہ والدین طلبا جو ایک ایسے اسکول میں شرکت کرتے ہیں جس کے لیے غیر ضروری سفر کرنا مطلوب ہے تو یہ مناسب دستاویزات کے ساتھ طالب علم کے گھر کے قریب دشواری کی ایک منتقلی کی درخواست کر سکتے ہیں۔ پرنسپل، معقول عملہ، اور طالب علم اور / یا طالب علم کے والدین / سرپرست طالب علم کے لیے مناسب تقرری کی نشان دہی کرنے کے لیے OSE کے ساتھ کام کریں گے۔

D. LYFE پروگرام چھ ہفتوں تا تین سال کے بچوں کے طلبا والدین کے بچوں کے لیے مفت، اعلی معیار کی ابتدائی طفلی تعلیم فراہم کرتا ہے۔ محکمئہ تعلیم (DOE) کے منتخبہ اسکول کے مقامات LYFE کے ذریعے بچوں کی نگہداشت فراہم کرتے ہیں۔ اگر ایک حاملہ طالبہ اور طلبا والدین کو بچوں کی نگہداشت کی ضرورت ہے تو اسکول کو طالب علم کی LYFE پروگرام سے براہ راست رابطہ کرنے میں مدد کرنی چاہیئے۔ LYFE پروگرام کی رابطہ معلومات اس ضابطے کے آخر میں درج فہرست ہیں۔

E. طلبا حوالہ مرکز برائے ہائی اسکول متبادلات میں معلومات اور رہنمائی کی گذارش کر سکتے ہیں۔ حوالہ مرکز برائے ہائی اسکول متبادلات کا عملہ ایسے مشیران اور ماہرین پر مشتمل ہے جو طلبا کی سندیافتگی کی جانب پیش رفت کرنے کے لیے ایک منصوبہ بنانے میں مدد کر سکتے ہیں۔ اس دستاویز کے آخر میں ہر ایک برو کے حوالہ مرکز کے رابطے کی معلومات درج فہرست ہیں۔

## V. تولیدی صحت کے متعلق رازداری کی تشویشات کے معاملے

A. اسکول کے افسران اور منتظمین کو طالبات کی زچگی، جنسی سرگرمی، HIV/AIDS اور جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں کے متعلق معلومات کی نہایت حساس نوعیت سے ہر وقت باخبر ہونا چاہیئے۔ اسکول کے عملے کو پیشہ ورانہ انداز میں کام کرنا چاہیئے اور ان معاملات پر بات چیت کے لیے طالب علم کی رازداری کا احترام کرنا چاہیئے۔

B. اسکول کے افسران کسی بھی طالب علم سے زچگی، جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں یا HIV/AIDS کا ٹیسٹ کروانے کی مانگ یا تقاضا نہیں کریں گے۔

C. اسکول کا عملہ کسی بھی طالب علم یا طبی نگہداشت فراہم کنندہ سے زچگی، جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں یا HIV/AIDS کے ٹیسٹ کے نتائج کو افشا کرنے کی مانگ یا تقاضا نہیں کر سکتے ہیں، نہ ہی کسی طالب علم یا طالب علم کے کسی بھی طبی نگہداشت فراہم کنندہ سے طالب علم کی زچگی، HIV/AIDS، جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں یا جنسی سرگرمی کے متعلق صورت حال یا حالت کو افشا کرنا مطلوب نہیں ہونا چاہیئے۔

D. اسکول کے افسران زچگی، جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں یا HIV/AIDS کا ٹیسٹ کروانے یا ان کے نتائج افشا کرنے یا حاملہ ہونے، +HIV، ایک طلبا والدین ہونے یا جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماری ہونے کی وجہ سے کسی بھی طالب علم کو اسکول یا اسکول کے ایک پروگرام سے خارج نہیں کر سکتے ہیں۔ اسکول کے افسران طالب علم کے لیے اسکول میں شرکت کرنے کے لیے کوئی بھی ایسا ٹیسٹ کروانے کی شرط نہیں رکھ سکتے ہیں۔

E. DOE والدین کی شمولیت کو قدر کرتا ہے۔ جہاں تک مناسب ہو، پرنسپل یا تقرر کردہ کے ذریعے حاملہ یا والدین طلبا کی منصوبہ بندی کرنے اور انتخابات کرنے میں طلبا کے اہل خانہ کو شامل کرنے میں مدد کرنے کے لیے مسلسل کوشش کرنی چاہیئے۔ جہاں طالب علم، والدین کے اطلاع دہی کے متعلق تحفظ یا دیگر نمایاں تشویشات کا اظہار کرے تو پرنسپل کے لیے فرد کی صورت حال اور طالب علم کے حقوق کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ایک فیصلہ کرنا لازمی ہے۔

F. اس دستاویز میں کوئی بھی بات عملے کو معقول طبی اور معاونتی خدمات کے خواہاں طلبا کو مدد کی پیشکش کرنے اور ایسی خدمات کا حوالہ دینے سے نہیں روکتی ہے۔ حاملہ یا والدین طلبا کو مشاورت فراہم کرنے والے اسکول کے تمام عملہ کے لیے لازمی ہے کہ یہ اپنے آپ کو ایسے طلبا کے لیے اپنی ذات، اپنے بچے یا بچوں کے لیے طبی خدمات کے متعلق ان کے حقوق کے ریاستی اور وفاقی قوانین، ضوابط سے مانوس کروائیں۔

## VI. استفسارات

حاملہ اور والدین طلبا کے حقوق کے متعلق استفسارات کو ذیل کو بھیجا جانا چاہیئے:

Title IX Coordinator

Office of Equal Opportunity

65 Court Street

Brooklyn, NY 11201

ٹیلیفون: 718-935-4987

Title_IX_Inquiries@schools.nyc.gov

اس ضابطے میں رازداری کے مسائل کے متعلق اسفسارات کو ذیل کو بھیجا جانا چاہیئے:

Office of Legal Services

NYC Department of Education

52 Chambers Street – Room 308

New York, NY 10007

ٹیلیفون: 212-374-6888

asklegal@schools.nyc.gov

بچوں کی نگہداشت، صحت اور مشاورتی خدمات کے لیے استفسارارت کو ذیل کو بھیجا جانا چاہیئے:

LYFE Program

NYC Department of Education

500 Eighth Avenue, Suite 709

New York, New York 10018

ٹیلیفون:212-609-8520

lyfe@schools.nyc.gov

حاملہ اور والدین طلبا کے لیے رہنمائی کے متعلقہ معلومات کے بارے میں استفسارات کو ایک حوالہ جاتی مرکز کو بھیجا جانا چاہیئے:

Bronx Referral Center

1010 Rev. James Polite Avenue, Room 436

Bronx, NY 10459

ٹیلیفون: 718-518-4530

Central Brooklyn Referral Center

Boys and Girls High School

1700 Fulton St. 3rd Floor, Room 383

Brooklyn, NY 11213

ٹیلیفون: 718-804-6750 ایکسٹینشن 3831

Downtown Brooklyn Referral Center

69 Schermerhorn Street

Brooklyn, NY 11201

ٹیلیفون: 718-935-9457

Midtown Manhattan Referral Center

269 West 35th Street, 11th Floor

New York, NY 10018

ٹیلیفون: 212-244-1274

Queens Referral Center

162-02 Hillside Avenue

Queens, NY 11432

ٹیلیفون: 718-739-2100

Staten Island Referral Center

450 St. Marks Place

Staten Island, NY 10301

ٹیلیفون: 718-273-3225